NHS
National Services Scotland



صحت نگہداشت سے جڑے ہوئے انفیکشنز۔

معلومات برائے عوام
ایزی ریڈ ورژن (آسانی سے پڑھا جانے والا نسخہ)

Health Protection Scotland

صحت نگہداشت سے جڑا ہوا انفیکشن کیا ہے؟

یہ ایک ایسا انفیکشن ہے جو لوگوں کو اس وقت لاحق ہو سکتا ہے جب وہ اسپتالوں میں صحت نگہداشت وصول پا رہے ہوں۔ انہیں اس وقت بھی انفیکشنز لاحق ہو سکتے ہیں جب وہ کیئر ہومز، ڈاکٹروں کی سرجریوں، مراکز صحت اور گھر میں ہوں، اگر وہاں ان کی نگہداشت کی جا رہی ہے۔

صحت نگہداشت سے جڑا ہوا انفیکشن کتنے لوگوں کو لاحق ہوتا ہے؟

اسپتالوں میں رہنے والے 100 میں سے تقریبا 5 لوگوں کو کسی بھی وقت صحت نگہداشت سے جڑا ہوا انفیکشن لاحق ہو سکتا ہے۔ عام طور پر ان انفیکشنز کے کوئی دور رس اثرات نہیں ہوتے ہیں۔ کوئی نہیں جانتا کہ کتنے لوگوں کو کیئر ہومز یا خود ان کے اپنے گھروں میں صحت نگہداشت سے جڑا ہوا انفیکشن لاحق ہوتا ہے۔

صحت نگہداشت وصول پاتے وقت لوگوں کو انفیکشن کیوں لاحق ہوتا ہے؟

بیمار ہونا یا علاج کرانا انفیکشن کے تئیں آپ کی فطری قوت دفاع (نظام مامونیت) کو معمول سے زیادہ کمزور بنا سکتا ہے۔ زیادہ تر لوگوں کو اس وقت صحت نگہداشت سے جڑا ہوا انفیکشن لاحق نہیں ہوگا جب ان کا علاج کیا جا رہا ہو لیکن صحت نگہداشت کے دوران تمام خطرات کو پورے طور پر ختم کر پانا ناممکن ہے۔ ایسا اس لیے ہے کیوں کہ ہر بیماری یا کیفیت، کارروائی اور کبھی کبھار دوا انفیکشن کے تئیں آپ کی فطری قوت دفاع کو کم کر سکتی ہے۔

اسپتال میں سب سے زیادہ عمومی نوعیت کے انفیکشنز کون سے ہیں؟

اسپتالوں میں سب سے زیادہ عمومی نوعیت کے انفیکشنز میں شامل ہیں پیشاب سے متعلق انفیکشنز، عمل جراحی (آپریشنز) کے بعد کے انفیکشنز، جلد سے متعلق انفیکشنز، متلی اور اسہال۔

کس طرح کے جراثیم انفیکشنز کا سبب بنتے ہیں؟

زیادہ تر انفیکشنز ان جراثیم کی وجہ سے لاحق ہوتے ہیں جو عموما ہمارے جسم پر رہتے ہیں اور اکثر کوئی نقصان نہیں پہنچاتے ہیں۔ لیکن وہ ان لوگوں میں انفیکشنز کا سبب بن سکتے ہیں جو اپنی بیماری یا علاج کی وجہ سے معمول سے زیادہ کمزور ہوتے ہیں۔

اگر مجھے صحت نگہداشت سے جڑا ہوا انفیکشن لاحق ہو جائے تو کیا ہوگا؟

اس کا انحصار آپ کو لاحق ہونے والے انفیکشن کی نوعیت اور آپ کی عمومی صحت پر ہے۔ آپ کی دیکھ بھال کرنے والا صحت اور سماجی نگہداشت کا عملہ اس نگہداشت اور علاج کے بارے میں آپ سے بات کرے گا جس کی آپ کو ضرورت ہے۔

آپ کو:

دوسرے لوگوں تک انفیکشن کو پھیلنے سے روکنے کے لیے کسی علیحدہ کمرے میں رکھا جا سکتا ہے

اضافی دوا کی ضرورت ہو سکتی ہے

اس بارے میں صلاح دی جا سکتی ہے کہ انفیکشن کو پھیلنے سے روکنے کے لیے آپ کیا کر سکتے ہیں

کسی اسپتال یا کیئر ہوم میں جاتے وقت میں انفیکشنز کو پھیلنے سے روکنے کے لیے کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ کو زکام ہو یا آپ بیمار محسوس کرتے ہوں تو کسی اسپتال یا کیئر ہوم میں رشتہ داروں یا دوستوں سے ملنے نہ جائیں۔

اگر آپ کو متلی آرہی ہو یا اسہال ہو تو آپ کو بہتر محسوس کرنے کے دو دن بعد ہی ملنے جانا چاہیے۔

کسی اسپتال یا کیئر ہوم میں جانے سے پہلے اپنے ہاتھ دھو لیں اور خشک کر لیں، خاص طور پر بیت الخلا جانے کے بعد۔

اگر وارڈ کے دروازے پر یا بستر کے بغل میں ہینڈ جیل ہے تو ملاقات سے پہلے اور اس کے بعد اسے استعمال کریں۔

جس سے آپ ملنے جا رہے ہیں اس کے لیے کھانا یا مشروب لانے سے پہلے عملہ سے صلاح لیں۔

متعلقہ شخص کے بستر پر نہ بیٹھیں اور بہت سارے ملاقاتیوں کو بیک وقت نہ لائیں۔

پٹیوں، ڈرپس، یا بستر کے آس پاس کے دیگر آلات کو کبھی نہ چھوئیں۔

مریض کے بیت الخلا کا استعمال نہ کریں۔

اگر آپ صحت نگہداشت سے جڑے ہوئے انفیکشنز سے متعلق کسی چیز کے بارے میں فکرمند ہیں یا اس کے بارے میں نہیں جانتے ہیں تو برائے مہربانی کسی سسٹر، چارج نرس یا اپنی نگہداشت کے انچارج کیئر ورکر سے بات کریں۔

اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو تو مجھ سے بات کریں

نام:

شعبہ:

ٹیلیفون نمبر:

یہ کتابچہ مختلف زبانوں میں، بڑے حروف میں اور بریل (صرف انگریزی) میں دستیاب ہے۔ مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی 0141 300 1100 پر فون کریں۔